National Literacy Trust

Change your story

10-24 ماہ کی عمر کے بچوں کے حامل خاندانوں کے لیے بہترین۔



# ان کی کہانی کا آغاز آپ سے ہوتا ہے

اپنے بچے سے بات کرنے اور اس پر توجہ دینے کی بدولت آغاز سے ہی ان کی مواصلاتی مہارتوں کی تشکیل میں مدد ملتی ہے۔

روزمرہ کے مل کر گزارے گئے معمولی لمحات سے بہتر فائدہ حاصل کرنے کے لیے کارڈز پر موجود ان تجاویز کا استعمال کریں۔

ان کے تعاون سے

Better Health Start for Life



# کپڑے پہنانا

جب آپ اپنے بچے کو کپڑے پہناتے ہیں، تو جسم کے حصوں اور ان کے پہنے ہوئے کپڑوں کے نام لینے سے انہیں نئے الفاظ سیکھنے میں مدد ملتی ہے۔

# کپڑے پہنتے وقت بات کرنے کے لیے تجاویز

وضاحتی الفاظ استعمال کرنے کی کوشش کریں۔

***"مجھےآپ کا پٹیوں والا سبز جمپر پسند ہے۔"***

جسم کے مختلف حصوں کی طرف اشارہ کریں۔

***"یہ آپ کا ہیٹ آپ کے سر پر پہنا دیا ہے۔"***

اپنے بچے کو مختلف انتخابات فراہم کریں۔

***"آپ پٹیوں والا ٹاپ پہننا پسند کریں گے یا نشانات والا ٹاپ؟"***





# کھانے کے اوقات

آپ کا بچہ جو کچھ کھا رہا ہے، کھانے کے اوقات میں اس کے متعلق بات کرنے سے انہیں اس امر کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے کہ الفاظ کا مطلب کیا ہے۔

# کھانے کے اوقات میں بات کرنے کے لیے تجاویز

جب آپ کے لیے ممکن ہو تو اکٹھے
ہی کھانا کھائیں اور کھانے سے متعلق
بات کریں۔

*"مجھے یہ کیلا پسند ہے۔ یہ نرم ہے!"*

ایک جیسے الفاظ یا عبارات کو دہرائیں۔

*"میں آپ کے باؤل میں کچھ سیریئل ڈال
رہا/رہی ہوں۔"*

مختلف کاموں میں مدد کرنے کے لیے
ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

*"کیا آپ اپنی پلیٹ لا سکتے ہیں،
پلیز؟"*





# گھر پر

جب آپ گھر میں بات کرتے ہیں اور جو کچھ آپ دونوں کر رہے ہیں، اس کے متعلق بات کرتے ہیں، تو آپ آوازیں اور الفاظ سیکھنے میں اپنے بچے کی مدد کر سکتے ہیں۔

# گھر پر ہونے کے دوران بات کرنے کے لیے تجاویز

مشاہدہ کریں کہ وہ کس چیز میں دلچسپی لیتے ہیں۔

*"آپ اس باکس میں بہت زیادہ چیزیں ڈال رہے ہیں، آپ نے اسے تقریباً اوپر تک بھر دیا ہے۔"*

جو کچھ آپ کر رہے ہیں اس کے متعلق بات کریں۔

*"چلو جانے سے قبل شاپنگ کی فہرست بناتے ہیں۔"*

ایسے کام تلاش کریں جن میں وہ مدد کر سکتے ہیں اور جو کچھ وہ کر رہے ہیں اس کی وضاحت کریں۔

*"اپنی جرابیں واشنگ مشین میں رکھنے کے لیے آپ کا شکریہ۔"*





# روزمرہ کے کام سرانجام دینا

جب آپ روزمرہ کے کام سرانجام دے رہے ہوں، تو جن چیزوں کو آپ دونوں دیکھ رہے ہیں، ان سے متعلق بات کرنے سے آپ کے بچوں کو نئے الفاظ سیکھنے میں مدد ملے گی

# روزمرہ کے کام سرانجام دیتے وقت بات کرنے کے لیے تجاویز

جو کچھ آپ دیکھتے ہیں، اس کے
متعلق بات کریں۔

*"سرخ بس کو دیکھیں۔ میں سوچ رہا/رہی
ہوں کہ وہ لوگ کہاں جا رہے ہیں؟"*

ان چیزوں سے متعلق بات کریں
جو وہ دیکھتے ہیں۔

*"آپ کو ایک گھونگا ملا ہے۔ چلو دیکھیں
کہ کیا ہم اور بھی تلاش کر سکتے ہیں۔"*

گفتگو سے متعلق ہدایت کرنے کے لیے
اپنے حواس کا استعمال کریں۔

*"ہم پتوں کو توڑ رہے ہیں، کیا آپ ان کی
آواز سن سکتے ہیں؟"*





# نہانے کا وقت

جب آپ اپنے بچوں کو نہلاتے ہیں تو اس وقت ان سے بات چیت کرنے سے آوازیں نکالنے اور الفاظ تشکیل دینے کی مشق کرنے میں ان کو مدد ملتی ہے۔

# نہاتے وقت بات کرنے کے لیے تجاویز

جو کچھ آپ کا بچہ نہانے کے کھلونوں کے ساتھ کرتا ہے، اس کی وضاحت کریں۔

*"آپ نے پانی باہر بہا دیا ہے۔ یہ بھرا ہوا تھا اور اب یہ خالی ہے۔"*

جو کچھ آپ کر رہے ہیں اس کے متعلق بات کریں۔

*"چلیں اب آپ کے پاؤں کی انگلیاں خشک کرتے ہیں۔ کیا تولیہ نرم لگ رہا ہے؟"*

ان آوازوں اور الفاظ کو واپس دہرائیں جو آپ کا بچہ ادا کرتا ہے۔

*بچہ: "پاپ، پاپ۔"*

*بالغ فرد: "پاپ، پاپ، ہم تمام بلبلوں کو اڑا رہے ہیں۔"*



# سونے کا وقت

جب آپ کہانیاں شیئر کرتے ہیں، اور اپنے پسندیدہ گانے گاتے ہیں، تو آپ اپنے بچے کو نئے الفاظ سے متعارف کرواتے ہیں۔

# سوتے وقت بات کرنے کے لیے تجاویز

اس چیز کا انتخاب کرنے کے لیے ان
کی حوصلہ افزائی کریں کہ کیا پڑھیں۔

*"آج رات ہم کون سی کتاب پڑھیں گے؟"*

کوئی نرسری نظم یا لوری گانے کی
کوشش کریں۔

***"Incy wincy spider climbed
...up the water spout"***

تصاویر سے متعلق بات کریں۔

*"زرافہ بہت لمبا ہے!
کیا وہ یہاں پورا آ جائے گا؟"*

## ذیل میں کچھ تجاویز ہیں جو بات چیت کرنے میں آپ کے بچے کی مدد کر سکتی ہیں:

- آپ کے بچے جو کہتے ہیں اس کا، اس کے علاوہ ان کے شور اور چہرے کے تاثرات کا جواب دے کر ان کے ساتھ 'گفتگو' کریں۔ جب آپ بولنا مکمل کر لیں تو رکنا اور جواب دینے کے لیے انہیں وقت دینا یاد رکھیں۔
- مشاہدہ کرنے کی کوشش کریں کہ وہ کس چیز کی جانب اشارہ کرتے اور دیکھتے ہیں، اور ان چیزوں سے متعلق بات کریں۔
- بات کرنے، گانے، پڑھنے اور پورا دن کھیلنے کے باقاعدہ مواقع تلاش کریں۔
- جب آپ مل کر معمولی لمحات سے بہتر فائدہ اٹھاتے ہیں، تو آپ آغاز سے ہی ان کی بات چیت کرنے کی مہارتوں کو تشکیل دینے میں مدد کر رہے ہوتے ہیں۔

یہ پروڈکٹ کھولنا نہیں ہے۔

@Literacy_Trust @Literacy_Trust /nationalliteracytrust

مزید سرگرمیوں کے لیے، براہ کرم wordsforlife.org.uk پر جائیں

قومی خواندگی کا ٹرسٹ رجسٹرڈ چیریٹی نمبر 1116260 (انگلینڈ اور ویلز) اور SC042944 (اسکاٹ لینڈ) ہے۔